احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

پیر 26 جنوری 2009ء

روزنامہ

FD-10 ٹیلی فون نمبر 047-6213029

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 26 جنوری 2009ء 28 محرم 1430 ہجری 26 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 20

## رحم کا سلوک فرما

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے۔

اے اللہ! تو میری باتوں کو سنتا ہے اور میرے حال کو دیکھتا ہے میری پوشیدہ باتوں اور ظاہر امور سے تو خوب واقف ہے میرا کوئی بھی معاملہ تجھ پر مخفی نہیں میں ایک بدحال فقیر اور محتاج ہی تو ہوں تیری مدد اور پناہ کا طالب ۔ میں تجھ سے عاجز مسکین کی طرح سوال کرتا ہوں میری گردن تیرے آگے جھکی ہوئی ہے اور میرے آنسو تیرے حضور بہہ رہے ہیں میرا جسم تیرا مطیع ہو کر سجدے میں گرا پڑا ہے اور ناک خاک آلودہ ہے ۔ اے اللہ تو مجھے اپنے حضور دعا کرنے میں بدبخت نہ ٹھہرا دینا اور میرے ساتھ مہربانی اور رحم کا سلوک فرمانا۔ اے وہ جو سب سے بڑھ کر التجاؤں کو قبول کرتا اور سب سے بہتر عطا فرمانے والا ہے میری دعا قبول کر لینا۔

(مجمع الزوائد ھیثمی مطبوعہ بیروت جلد نمبر3 صفحہ 252)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جن کو اللہ تعالیٰ دنیا میں تکالیف دیتا ہے اور جو لوگ خود خدا تعالیٰ کے لئے دکھ اٹھاتے ہیں- ان دونوں کو خدا تعالیٰ آخرت میں بدلہ دے گا- دنیا تو چلنے کا مقام ہے' رہنے کا نہیں- اگر کوئی شخص سارے سامان خوشی کے رکھتا ہے' تو خوشی کا مقام نہیں- یہ سب آرام اور دکھ ختم ہونے والے ہیں اور اس کے بعد ایک ایسا جہان آنے والا ہے جو دائمی ہے- جو لوگ اس مختصر جہاں میں انسانی بناوٹ میں فرق اور کمی بیشی دیکھ کر دوسرے جنم کے گناہوں اور عملوں پر محمول کر لیتے ہیں وہ غلطی پر ہیں- وہ یہ معلوم نہیں کرتے کہ آخرت کا ایک بڑا جنم آنے والا ہے اور جن کو خدا تعالیٰ نے پیدائش میں کوئی نقص عطا کیا ہے اور جن لوگوں نے اپنے آپ کو خودبخود خدا تعالیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے دکھوں میں ڈال دیا ہے ان دونوں کو وہاں چل کر بدلہ ملے گا- یہ جہان تو تخم ریزی کا جہان ہے اور ایسے مواقع حاصل کرنے کے واسطے ہے- جن سے خدا تعالیٰ راضی ہو-

(ملفوظات جلد چہارم ص 72)

## مکرم سعید احمد صاحب کوٹری راہ مولیٰ میں قربان ہو گئے

احباب جماعت کو بڑے افسوس کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ مکرم سعید احمد صاحب کوٹری ضلع حیدرآباد کو مورخہ 19 جنوری 2009ء کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے راہ مولیٰ میں قربان کر دیا۔ وقوعہ کے روز عشاء کے بعد کام سے فارغ ہو کر گھر پہنچے گھر کا دروازہ کھلنے پر اندر داخل ہونے کے لئے دہلیز پر قدم رکھا ہی تھا کہ اندھیرے میں قریب کھڑے شخص نے کنپٹی پر پسٹل سے فائر کر دیا جس سے موقعہ پر وفات ہو گئی۔ حملہ آور فرار ہو گیا۔

مرحوم کی عمر 55 سال تھی ۔ نہایت شریف النفس انسان تھے۔ مہمان نواز اور جماعتی خدمت کرنے والے تھے کسی سے کوئی لین دین یا جھگڑا نہ تھا۔

اگلے روز گوندل فارم احمدیہ قبرستان میں تدفین عمل میں آئی ۔ جنازہ میں کثیر تعداد میں احباب نے شرکت کی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ 23 جنوری 2009ء میں ان کا ذکر خیر کرتے ہوئے فرمایا۔

آج پھر میں ایک افسوسناک خبر سنا رہا ہوں کہ ہمارے ایک احمدی بھائی مکرم سعید احمد صاحب جو مکرم چوہدری غلام قادر صاحب اٹھوال کے بیٹے تھے کوٹری شہر میں رہتے تھے ان کو وہاں (۔) کر دیا گیا۔ رات کو تقریباً نو بجے جہاں وہ کام کرتے تھے وہاں سے واپس جا رہے تھے۔ گھر کے دروازے میں داخل ہوتے وقت کسی نے کنپٹی پر گن یا پسٹل رکھ کے فائر کیا جس سے آپ موقع پر ہی (۔) ہو گئے۔ بڑے خدمت خلق کرنے والے تھے۔ ان میں خدمت خلق کا نمایاں جذبہ تھا۔ کسی کی بیماری کا پتہ چلتا تو اس کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیتے ۔ نہایت سادہ طبیعت رکھنے والے مخلص انسان تھے اور محنتی بھی بڑے تھے ہر قسم کا کام کر لیتے تھے کوئی عار کبھی نہیں سمجھا۔ مہمان نوازی کی صفت بھی بہت نمایاں تھی۔ صبر اور حلم بھی بہت تھا کسی کو غصے میں بھی جواب نہیں دیا۔ بلکہ خاموش رہتے تھے کسی سے کوئی دشمنی نہیں تھی ۔ گوندل فارم سندھ میں ہی آپ کی تدفین ہوئی ہے۔ 2 بیٹیاں اور 2 بیٹے یادگار چھوڑے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے اور بیوی بچوں کو صبر اور حوصلہ دے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ابھی میں ان کی نماز جنازہ نمازوں کے بعد پڑھاؤں گا۔

## محترم محمد خان رانا صاحب ایڈووکیٹ سابق امیر ضلع بہاولنگر کو سپرد خاک کر دیا گیا

احباب جماعت کو یہ افسوسناک اطلاع دی جا چکی ہے کہ دیرینہ اور بے لوث خادم سلسلہ محترم محمد خان رانا صاحب ایڈووکیٹ سابق امیر ضلع جماعت احمدیہ بہاولنگر مورخہ 20 جنوری 2009ء کو رات سوا نو بجے بہاولنگر میں بعمر 83 سال وفات پا گئے۔

بہاولنگر میں آپ کی نماز جنازہ مورخہ 21 جنوری 2009ء کو سوا بارہ بجے دن آپ کی رہائش گاہ ''دارالنصر'' ڈی سی آفس روڈ میں مکرم و محترم شیخ کریم الدین صاحب امیر ضلع بہاولنگر نے پڑھائی۔ اس موقع پر احمدی اور غیر از جماعت احباب کی کثیر تعداد موجود تھی۔

آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے۔ جنازہ ربوہ لایا گیا۔ مورخہ 23 جنوری 2009ء کو بعد نماز جمعہ بیت اقصیٰ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ کے قطعہ بزرگان میں تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ صاحب موصوف نے ہی دعا کرائی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 23 جنوری 2009ء کو خطبہ جمعہ میں آپ کے متعلق فرمایا۔

40 سال سے زائد عرصہ تک انہوں نے جماعت کی خدمت کی ہے، امیر ضلع بہاولنگر رہے۔ فضل عمر فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر بھی تھے۔ مرکز میں جو مختلف کمیٹیاں قائم ہوتی تھیں ان میں ممبر کی حیثیت سے کام کیا۔ نیک، مخلص، باوفا اور اطاعت شعار تھے۔ خلافت سے بڑا گہرا اور محبت کا تعلق تھا۔ اپنوں اور غیروں سبھی پر ان کا نیک اثر قائم تھا۔ خلافت کی ہجرت کے بعد پاکستان سے یہاں آنے کے بعد ہمیشہ ہر سال جلسے پر آیا کرتے تھے۔ گزشتہ دو سال سے نہیں آ رہے تھے تو بڑے جذباتی انداز میں اپنی بے چینی کا اظہار خطوں میں کیا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے

(باقی صفحہ 12 پر)

مکرم مسعود احمد ایڈووکیٹ صاحب امیر ضلع لیہ

# ضلع لیہ کے خلافت جوبلی پروگرام

## نمائش

مورخہ 6-اپریل 2008ء کو چک 368/TDA میں متبادل جلسہ سالانہ کے موقع پر خلافت جوبلی نمائش کا انتظام کیا گیا۔ اس میں مختلف بینرز، چارٹس اور تصاویر رکھی گئیں۔ بینرز پر ارشادات تحریر کئے گئے جبکہ تصاویر حضرت مسیح موعود، خلفاء، بیوت الذکر اور مشن ہاؤسز کی تھیں۔ نیز قادیان، ربوہ اور اسیران کی تصاویر بھی آویزاں تھیں۔ بعض تبرکات بھی رکھے گئے تھے۔ اس نمائش سے 627 احباب و خواتین نے استفادہ کیا۔

## ورزشی مقابلہ جات خدام واطفال

مورخہ 19۔اکتوبر کو 368/TDA علاقہ ڈیرہ غازی خان کے خدام واطفال کے ورزشی مقابلہ جات کروائے گئے۔ اس میں لیہ، ڈیرہ غازی خان، راجن پور اور مظفر گڑھ کے 175 خدام واطفال نے شرکت کی۔ کبڈی، رسہ کشی، گولہ پھینکنا، نیزہ پھینکنا، تھالی پھینکنا ثابت قدمی، دوڑ اور کلائی پکڑنے کے مقابلہ جات ہوئے۔ افتتاح مکرم نعیم احمد صاحب قائد علاقہ نے کیا۔ جبکہ خاکسار مسعود احمد ایڈووکیٹ امیر ضلع لیہ نے انعامات تقسیم کئے اور اختتامی دعا کروائی۔

مورخہ 23 مارچ 2008ء کو خدام واطفال ضلع لیہ کے ورزشی وعلمی مقابلہ ہوئے۔ ضلع لیہ کی کل 17 مجالس میں سے 16 مجالس کے 283 خدام و اطفال نے شرکت کی۔ علمی مقابلہ جات میں تلاوت، نظم، تقریر، تقریر فی البدیہہ، مشاہدہ معائنہ، بیت بازی خلافت جوبلی کوئز، پیغام رسانی اور مضمون نویسی جبکہ ورزشی مقابلہ جات میں کبڈی، اونچی چھلانگ، لمبی چھلانگ، کلائی پکڑنا، دوڑ، دوڑ تین ٹانگ، دوڑ ایک ٹانگ، رسہ کشی، ثابت قدمی، گولہ پھینکنا اور نیزہ پھینکنے کے مقابلہ جات ہوئے۔ آخر پر انعامات کے علاوہ مرکزی مہمانوں اور معاونین کو اعزازی سندات و شیلڈز دی گئیں۔

## کلاس داعیان ریفریشر کورس

مورخہ 17۔اکتوبر کو ضلع لیہ کے سیکرٹریان دعوت الی اللہ اور ضلع لیہ کے داعیان خصوصی کی کلاس منعقد ہوئی۔ تلاوت ونظم کے بعد مکرم نصیر احمد بدر صاحب مربی سلسلہ نے دعوت الی اللہ کی اہمیت و برکات، مکرم کاشف محمود عابد صاحب نے سیکرٹریان دعوت الی اللہ کی ذمہ داریاں کے موضوع پر تقاریر کیں۔ ازاں بعد مہمان خصوصی محترم مبشر احمد کاہلوں صاحب ناظر دعوت الی اللہ نے تقریر کی اور داعیان کے سوالات کے جوابات دیئے۔ کلاس میں داعیان کو اختلافی مسائل لکھائے گئے نیز طبع شدہ مواد بھی تقسیم کیا گیا۔ اس پروگرام میں 18 جماعتوں کے 58 عہدیداران اور 55 داعیان نے شرکت کی۔

## میڈیکل کیمپ

بنی نوع انسان کی ہمدردی میں خدمت خلق کی خاطر مختلف دنوں میں مختلف مقامات پر 6 میڈیکل کیمپس لگائے گئے جن سے 969 مریضان نے استفادہ کیا۔ اس کے علاوہ لیہ شہر، 433/TDA، 106/ML، 172/TDA اور 93/TDA میں مستقل میڈیکل کیمپس لگائے گئے۔

## مرکزی پروگراموں میں شرکت

☆ خدام الاحمدیہ کی تربیتی کلاس برائے طلباء میٹرک میں ضلع لیہ کے 11 خدام نے شرکت کی۔

☆ نظارت تعلیم القرآن کی قرآن کلاس میں 4 افراد نے شرکت کی۔

☆ اللہ تعالیٰ کے فضل سے لیہ شہر، 279/TDA، 375/TDA، 347/AC سرور آباد 347/TDA چوبارہ اور فتح پور نے 50% کمانے والے چندہ دہندگان کو نظام وصیت میں شامل کرنے کا ٹارگٹ حاصل کر لیا ہے۔ ضلع لیہ کی 225 وصایا منظور ہو چکی ہیں جبکہ 90 زیر کارروائی ہیں۔

☆ ضلع لیہ کی تاریخ مرتب کرنے کا کام بھی جاری ہے۔

☆ واقفین نو کے اجتماع میں 3 واقفین نو شامل ہوئے۔

## متبادل ضلعی جلسہ سالانہ

مورخہ 6-اپریل 2008ء کو 368/TDA میں متبادل ضلعی جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ تلاوت نظم کے بعد مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر رشتہ ناطہ خاکسار مسعود احمد امیر ضلع لیہ، مکرم منور اقبال صاحب سابق امیر ضلع نے تقاریر کیں۔ جبکہ ایک تقریر سرائیکی زبان میں مکرم منور احمد قمر صاحب مربی سلسلہ علی آباد نے کی۔ اس جلسہ میں 20 جماعتوں کی نمائندگی ہوئی۔ جبکہ 627 افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر بکسٹال بھی لگایا گیا جہاں پر 4 ہزار روپے کی کتب اور خلافت جوبلی سٹکرز اور بیج وغیرہ فروخت کئے گئے۔

اسی موقع پر ضلع لیہ میں دوران سال تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے 60 طلباء کو سندات دی گئیں جبکہ اول دوم آنے والوں کو انعامات بھی دیئے گئے۔

## جلسہ ہائے یوم خلافت

27 مئی کو ضلع لیہ کی تمام جماعتوں میں جلسہ ہائے یوم خلافت منعقد کئے گئے اور دوسرے پروگرام بھی ہوئے۔

☆ نماز تہجد ادا کی گئی۔

☆ اجتماعی دعا کروائی گئی۔

☆ وقار عمل کروائے گئے۔

☆ 17 بکروں کی قربانیاں دی گئیں۔

☆ افراد جماعت میں کھانا تقسیم کیا گیا۔

☆ حضور انور ایدہ اللہ کا خطاب سنا گیا۔ عہد میں شامل ہوئے اور بعد میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

☆ 20 فروری کو جلسہ ہائے یوم مصلح موعود منعقد کئے گئے۔

☆ 23 مارچ کو یوم مسیح موعود منایا گیا۔

☆ پانچوں خلفاء کے انتخاب کے دنوں کی مناسبت سے مختلف معلوماتی تقریبات منعقد کی گئیں۔

## لجنہ وناصرات کے پروگرام

مورخہ 24 فروری 2008ء کو 93/TDA میں لجنہ اماء اللہ کا ضلعی جلسہ منعقد کیا گیا۔ جس میں لجنہ وناصرات الگ الگ مقابلے ہوئے اور انعامات بھی تقسیم کئے گئے۔ مکرم منور اقبال صاحب نے نظام وصیت کے موضوع پر تقریر کی۔ اس جلسہ میں 17 مجالس کی 300 سے زائد ممبرات نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں بکسٹال بھی لگایا گیا۔

مورخہ 30 نومبر 2008ء کو 106/MC میں ضلعی پروگرام ہوا جس میں 17 مجالس کی 180 ممبرات نے شرکت کی۔ علمی مقابلہ جات میں تلاوت، حفظ قرآن، ترجمۃ القرآن، تقریر، تقریر فی البدیہہ، انگریزی تقریر، بیت بازی اور دینی معلومات کے مقابلہ جات ہوئے۔

مورخہ 23 نومبر کو لیہ شہر میں ناصرات کا ضلعی پروگرام ہوا۔

### خلافت لائبریری ربوہ کے زیراہتمام

# خلافت احمدیہ صدسالہ جوبلی نمائش

خلافت لائبریری ربوہ کے زیراہتمام مورخہ 4 تا 24 دسمبر 2008ء کو قیمتی اور تاریخی کتب اور تبرکات پر مشتمل نمائش منعقد کی گئی۔ مورخہ 4 دسمبر کو صبح ساڑھے آٹھ بجے مکرم ملک خالد مسعود صاحب صدر مجلس کارپرداز نے افتتاح کیا۔ نمائش کے لئے خلافت لائبریری کا ہال، رسائل اور اخبارات سیکشن استعمال کیا گیا تھا۔ لائبریری کی مین انٹرنس میں خلافت احمدیہ جوبلی کا لوگو (Logo)، عمارت کی تصویر اور خلافت لائبریری کی افتتاحی تقریب میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی تصاویر آویزاں کی گئی تھیں۔

نمائش کو مندرجہ ذیل پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ قرآن وحدیث، کتب وتحریرات حضرت مسیح موعود، کتب خلفاء احمدیت و اولاد حضرت مسیح موعود اور خلافت احمدیہ صدسالہ جوبلی سیکشن۔

قرآن کریم و احادیث مبارکہ کے سیکشن میں جماعت احمدیہ کی طرف سے چھپنے والے قرآن کریم، تراجم، تفاسیر اور قرآن کریم سے متعلق کتب کو قرینے سے سجایا گیا تھا۔ اسی طرح جماعت کی طرف سے شائع ہونے والے احادیث کے تراجم اور احادیث سے متعلق کتب بھی رکھی گئی تھیں۔ کتب وتحریرات حضرت مسیح موعود کے سیکشن میں حضرت مسیح موعود کے مبارک دور میں شائع ہونے والی کتب اور مکتوبات، اشتہارات اور ملفوظات کے پہلے ایڈیشنز رکھے گئے تھے۔ نیز حضرت مصلح موعود کے دور میں شائع ہونے والا روحانی خزائن کا سیٹ بھی موجود تھا۔

نمائش کا سب سے دلچسپ، اہم اور پسندیدہ حصہ حضرت مسیح موعود کی ہاتھ سے لکھی ہوئی تحریرات کے تبرکات کا تھا۔ ایک کمپیوٹر میں بھی حضرت مسیح موعود کی تصاویر، کتب کے پہلے ایڈیشنز کے ٹائٹل اور تبرکات فیڈ کئے گئے تھے۔ خلفاء سلسلہ کی کتب کے سیکشن میں خلفاء کے ہاتھ سے لکھی گئی تحریرات، کتب جن پر نوٹس لئے گئے تھے اور تبرکات رکھے گئے تھے۔ حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب، حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب، حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب، حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ اور حضرت نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ کی اپنی تحریر کردہ کتب، غیر مطبوعہ مسودات بھی رکھے گئے تھے۔

خلافت احمدیہ صدسالہ جوبلی کے موقع پر پاکستان اور بیرون پاکستان سے شائع ہونے والے تمام سوونیئرز (Magazines) اور دیگر ماڈلز مثلاً کلاک، شیلڈز، پین، شرٹس مگ، ڈائریاں، کی رنگز، بال پوائنٹس، تصاویر، شال، پرس وغیرہ بھی سجائے گئے تھے۔ ہال کے دونوں طرف حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی تصاویر برموقع افتتاح خلافت لائبریری کو فلیکس پر تیار کروا کے آویزاں کیا گیا تھا۔ اسی طرح حضرت مسیح موعود کے دور سے لے کر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کے دور تک جماعت احمدیہ کی طرف سے شائع ہونے والے اخبارات و رسائل بھی اس نمائش کی اہمیت اور خوبصورتی میں اضافہ کر رہے تھے۔ علماء، بزرگان، مربیان اور متخصصین کے چنیدہ غیر مطبوعہ مقالہ جات بھی نمائش گاہ میں موجود تھے۔

نمائش سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کے لئے مرد حضرات اور خواتین کے الگ الگ اوقات مقرر کئے گئے تھے، تقریباً روزانہ ساڑھے چار سو افراد نے اس نمائش کو دیکھا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ نمائش احباب جماعت کے ایمان وایقان اور علم وعرفان میں اضافے کا ذریعہ ہو۔ آمین (رپورٹ: ایف شمس)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم مرزا خلیل احمد قمر صاحب

# وقف جدید ایک صوفیانہ تحریک ہے

(قسط دوم آخر)

## صاحب عرفان انسان

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اللہ دتہ مبشر صاحب کے بارے میں فرمایا۔

ہمارے ایک (مربی) اللہ دتہ مبشر وقف جدید کے ہوا کرتے تھے بہت سادہ طبیعت اور کم تعلیم یافتہ لیکن بہت ہی روشن دماغ والے اور صاحب عرفان انسان تھے۔ چوروں کو قطب بنانے والا مضمون کچھ نہ کچھ ان پر ضرور صادق آتا تھا۔ واقعتہً چور اور ڈاکو تھے۔ جب انہوں نے احمدیت کو قبول کیا اور اس کے بعد خدا کی راہ میں اتنی تکلیفیں اٹھائیں۔ اتنی ماریں کھائیں۔ جن علاقوں میں ان کے رعب سے لوگ کانپتے تھے۔ وہاں جا کر انہوں نے ماریں کھانی شروع کیں۔ لیکن بڑے باہمت انسان تھے ان کا بارہا اکثر خط آتا تھا کہ میرا جنازہ آپ نے ضرور پڑھانا ہے۔

(بدر قادیان 10 مئی 1990ء صفحہ 7)

## ایک شخص مجھے مارنے آیا

## اور احمدی ہو گیا

عاجز بہاولپور اپنے دواخانہ پر بیٹھا تھا سامنے عاشق محمد ہوٹل والا تھا اس نے ایک نوجوان محمد سرور کو سکھایا کہ احمدی حکیم کو کسی بہانے مارو اور جھگڑا کرو تا کہ احمدی حکیم کو یہاں سے بھگایا جا سکے۔ خاکسار کی یہ عادت تھی کہ جو بھی آتا مسکرا کر اس کو ملتا اور خوش ہو کر اس سے حال واحوال پوچھتا۔ نووارد کے آنے پر خاکسار نے مسکرا کر اس کا استقبال کیا اور کہا کہ تشریف رکھیں بندہ اس کے منصوبہ سے بالکل بے خبر تھا۔ میں نے پوچھا آپ کی کیا خدمت کروں اتنے میں اس کی بہن آئی اور کہنے لگی کہ گھر آویں بھابھی صاحبہ بیمار ہیں۔ معلوم ہوا بچہ ہونے والا ہے۔ عاجز نے کہا نہ گھبرائیں میں آپ کو ہسپتال سے گاڑی منگوا دیتا ہوں۔ ایک قریبی احمدی کے کارخانہ سے احمدی ڈاکٹر کو فون کیا فوراً گاڑی آ گئی اور ان کو ہسپتال لے گئی۔ اللہ تعالیٰ نے لڑکی عطا فرمائی۔ احمدی سٹاف نے بہت خیال رکھا۔ اس کے بعد تو اس نوجوان کی کایا ہی پلٹ گئی حق کی طرف رجوع ہوا اور بالآخر احمدی ہو گیا۔ عاجز نے اس نوجوان کو قرآن مجید پڑھانا شروع کیا اور جلسہ سالانہ پر لے آیا سارا خاندان احمدی ہو گیا اور وہ نوجوان میرا بہترین دوست بنا اور ساری حقیقت بتائی کہ میں آپ کو مارنے آیا تھا۔ خود شکار ہو گیا۔

## پھر بارش ہو گئی

مکرم مولوی گل محمد صاحب تحریر کرتے ہیں:۔

نگر پارکر میں قیام کے دوران ہر معلم نے ایسے واقعات دیکھے ہوں گے جن کو دیکھ کر اس کے ایمان میں زیادتی ہوئی۔ تقویت ملی۔ معلم کا یقین سے دل بھر جاتا ہے گویا خدا ایسی آنکھیں دے دیتا ہے جن سے وہ نظر آنے لگے انا الموجود کی آواز آنے لگتی ہے۔ میں تو اکثر کہا کرتا ہوں دوستوں کو کہ اگر ولی بننا ہے تو نگر پارکر میں خدمت دین کیلئے تیار ہو جاؤ پھر دیکھو کس طرح وہ اپنے فضل سے دعاؤں کو سنتا ہے۔

جو پہلے زمانوں میں بندوں سے بولا
وہ بولے گا اب بھی اگر تو پکارے

ایک دفعہ بارش نہ ہونے کے باعث قحط کے آثار ظاہر ہونے لگے نماز جمعہ کے بعد سب دوستوں نے (جو احمدی ہوئے تھے) کہا کہ باہر نکل کر دعا کریں بارش ہو جائے۔ لیکن سخت گرمی کے باعث خود ساتھ جانے کو تیار نہ ہوئے مکرم ناصر احمد، نصیر احمد اور موسیٰ اور خاکسار چھت پر چلے گئے اور نماز شروع کی جس پر عورتیں اور مرد باہر نکل آئے کہ اتنی سخت دھوپ کے باوجود یہ کیوں تپتی ریت پر کھڑے ہو گئے ہیں دو رکعت ادا کرنے کے بعد میں نے ناصر احمد صاحب کو کہا کہ قہوہ بناؤ بڑی سخت پیاس لگ گئی ہے۔ انہوں نے قہوہ تیار کروایا ہم دونوں نے قہوہ پیا ہی تھا کہ بادل شمال کی طرف سے اٹھے اور بارش ہو گئی پھر یہ سلسلہ وقفہ وقفہ سے جاری رہا۔

## خدا نے محفوظ رکھا

مکرم کریم الدین ناصر صاحب معلم وقف جدید تحریر کرتے ہیں۔

جولائی 1987ء میں باہمنی جوتڑ کے سینٹر میں ایک رات باہر آندھی چلنے کی وجہ سے اندر جھونپڑی میں سویا ہوا تھا۔ رات کے ایک بجے ایک کرم الٰہی ولد لونگامل نے آ کر میرا دروازہ بڑے زور سے کھٹکھٹایا۔ خاکسار اٹھا پوچھا کون ہے اور کیا بات ہے تو وہ کہنے لگا کہ میرے باپ کے پیٹ میں سخت تکلیف ہے آپ میرے ساتھ چلیں۔ چنانچہ میں جلدی جلدی تیار ہو کر اس کے ساتھ اس کے گھر گیا تو دیکھا کہ اس کا باپ شدت درد سے بلبلا رہا تھا۔ میں نے اس کو انجکشن دیا اور دو تین گولیاں دیں۔ درد تو انجکشن لگاتے ہی رک گیا لیکن پھر بھی کچھ دیر وہاں بیٹھا رہا۔ اور ساتھ ساتھ کرم الٰہی کو نمازیں اور قرآن مجید باقاعدگی سے پڑھنے کی تاکید کرتا رہا۔ گھر آیا تو دو بج چکے تھے۔ چنانچہ وضو کر کے تہجد کے لئے تیار ہوا۔ چادر بچھا کر نماز تہجد پڑھنی شروع کر دی اور مریض کی شفایابی کیلئے خدا کے حضور گریہ و زاری کرنے لگا۔ لیمپ میں تیل ختم تھا۔ اس لئے کچھ اندھیرا تھا۔ میں آرام کے ساتھ نوافل پڑھتا رہا جب میں آٹھواں نفل پڑھ کر اٹھا اور میں نے سوچا کہ نماز فجر کا وقت قریب ہے تو میں نے سنتیں شروع کر دیں۔ جب میں آخری رکعت کے لئے سجدہ میں گیا تو مجھے میرے پیٹ کے سامنے گھٹنوں اور ماتھے کے درمیانی حصہ سے ''سوں'' کی آواز آئی تو مجھے شک پڑ گیا کہ یہ آواز کہیں سانپ کی تو نہیں۔ دل میں خیال تو آیا مگر نماز جاری رکھی جب نماز سے فارغ ہوا تو معلوم ہوا کہ یہ واقعی سانپ ہے تو میں نے اس کو مارا نہیں ویسے ہی بھگا دیا یہ سوچ کر اس نے مجھے تو کچھ نہیں کہا تو میں بھی اسے کچھ نہیں کہتا۔ یہ صرف اللہ تعالیٰ کی حفاظت ہی تھی جس نے مجھے موذی دشمن سے محفوظ رکھا۔ تھوڑی دیر کے بعد کرم الٰہی بھی آ گیا اس نے بتایا کہ میرے باپ کو آرام آ گیا ہے اور وہ سو رہا ہے۔

## لاعلاج مریض شفا پا گیا

اگست کا مہینہ تھا ساجد آنی گوٹھ کا ایک میگھواڑ آ گیا اور کہنے لگا کہ مولوی صاحب! میرے بھتیجے کو دست لگے ہوئے ہیں تین چار دن سے رکنے کا نام ہی نہیں لیتے۔ آپ میرے ساتھ چلیں۔ میں نے کہا کہ بھائی شفا تو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اب ظہر کی نماز کا وقت ہو گیا ہے اور تو بھی دور سے آیا ہے پہلے کھانا کھا لے میں نماز پڑھ لوں تو پھر چلتے ہیں۔ گھبرانے کی کوئی بات نہیں اللہ تعالیٰ مریض کو شفا عطا فرمائے گا۔ اس نے کھانا کھایا اور میں نے نماز ادا کی۔ اس کے ساتھ روانہ ہو گیا۔ راستہ میں کہنے لگا مولوی صاحب مجھے بھوک پیاس تو بہت لگی تھی لیکن میں ڈر کی وجہ سے انکار کر رہا تھا میں نے کہا بھائی آپ تو میرے مہمان تھے۔ ہمارے نبی کریم ﷺ تو مہمان کا بہت احترام کرتے تھے۔ تین بجے کے قریب ان کی گوٹھ میں پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ مریض کے گھر کے باہر ایک جیپ کھڑی ہے میں نے پوچھا کہ یہ جیپ کس کی ہے انہوں نے بتایا کہ ڈاکٹر کی ہے۔ جب میں اندر داخل ہوا تو مریض کے پاس لوگوں کا مجمع لگا ہوا تھا۔ مریض کی حالت بہت خراب تھی اس کے پاس ایک MBBS ڈاکٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے تھے وہ کہنے لگے کہ اس کو چار دن سے خونی دست لگے ہوئے ہیں اور میں تو پوری کوشش کر چکا ہوں لیکن کچھ فرق نہیں اس لئے میں نے تو جواب دے دیا ہے۔ ''بھوپوں'' (جھاڑ پھونک اور دم کرنے والے کو کہا جاتا ہے) کا کہنا ہے کہ اسے کسی جن بھوت کی پکڑ ہے اسلئے اس کا علاج صرف ہمارے پاس ہے لیکن ہم نے بھی پورا زور لگا دیا ہے لیکن یہ جن بھوت ہم سے زور والا ہے کسی اور ''بھوپے'' کو بلا لائیں۔ چنانچہ ڈاکٹر صاحب بھی مریض کو لاعلاج قرار دے کر چلے گئے۔ میں نے مریض کو چیک کیا اسے دو ٹکیاں اور ایک پڑی دی اور خود اللہ تعالیٰ کے حضور دعا میں مصروف ہو گیا سجدے میں گر کر اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر دعا کی کہ ''اے اللہ تو ہی میری مدد کر اور اس مریض کو شفاء عطا فرما۔ کیونکہ ہم تو تیرے ہی نام لیوا ہیں اور تیری ہی مدد کا آسرا ہے تو ہی میری مدد فرما، مدد کیلئے تیرا در چھوڑ کر میں کہاں جاؤں مجھے تو تیرے سوا اور کوئی دوسرا مددگار دنیا میں نظر نہیں آتا''۔ جب میں نے دعا ختم کی اور مریض کے پاس آیا تو مریض کی کچھ حالت سنبھل چکی تھی اور پیٹ میں جو درد وغیرہ تھی وہ رک گئی تھی میں نے خدا کا شکر ادا کیا اور ایک یتیم کو اللہ تعالیٰ کے شکرانے کے طور پر پانچ روپے دیئے چنانچہ مریض کے شام تک خونی دست بھی بند ہو گئے اور مریض اٹھ کر بیٹھ گیا اور کچھ تھوڑا بہت چلنے پھرنے لگا۔ اس واقعہ کا ان لوگوں پر بڑا اثر ہوا اور میرے لئے دعوت الی اللہ کا ایک نیا دروازہ کھل گیا۔ اگلے دن مریض کا پتہ کرنے گیا تو تھوڑی دیر بعد ڈاکٹر صاحب بھی تشریف لے آئے اور جب انہوں نے مریض کی حالت دیکھی تو مجھے علیحدہ لے جا کر کہنے لگے کہ آپ نے مریض کو کیا ٹریٹمنٹ دی ہے میں نے کہا ڈاکٹر صاحب دوائی تو میرے پاس بھی وہی ہے جو کہ آپ کے پاس بھی تھی لیکن میرا دارومدار ان دوائیوں پر نہیں ہمارا دارومدار تو اللہ تعالیٰ کی مدد اور تائید پر ہے۔ یہ صرف خدا اور خدا کے رسول کے غلاموں کو حاصل ہے چنانچہ اسی طرح ڈاکٹر صاحب کو بھی پیغام حق پہنچانے کا موقع ملا۔

## بیماری کا نام و نشان نہ رہا

مکرم مولوی فضل احمد صاحب معلم وقف جدید تحریر کرتے ہیں:۔

1959ء میں خاکسار کی تقرری چک نمبر 22 حمید آباد میں ہوئی۔ قریب ہی ایک گاؤں جس کا نام شامل طلبانی تھا۔ وہاں ریاستی اور سید قوم کے مہاجر اور کچھ راجپوتوں کی ملی جلی آبادی تھی۔ بندہ دعوت الی اللہ کیلئے وہاں جایا کرتا تھا۔ ایک راجپوت اکثر کہتا رہتا تھا کہ یہ جو مرزائی مولوی یہاں آتا ہے کوئی نہ کوئی آدمی گاؤں سے لے جائے گا (یعنی احمدی کرے گا) اس لئے اس کو گاؤں میں نہ آنے دینا چاہئے۔ خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ اس کی بہو کو ہاتھ پاؤں میں چنبل سی ہو گئی تھی بہاولپور ہسپتال سے 60 ٹیکے لگوا چکے تھے لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ ایک دن وہ میرے پاس آئے اور کہا کہ لڑکی کا علاج کرو میں وہاں گیا۔ ان مہاجرین کا پردہ بہت ہی گہرا ہوتا ہے۔ بڑی مشکل سے اس نے ہاتھ پاؤں دکھائے میں نے دعا کر کے ان کو ایک خوراک سلفر 200 کی دیدی اور کچھ خالی پڑیاں بھی بنا دیں اس ایک ہی خوراک نے خدا کے فضل سے مسیحائی کا کام کیا اور چند یوم میں اس کے ہاتھوں اور پاؤں پر جو کھرینڈ سا بنا ہوا تھا، اترنا شروع ہو گیا۔ صاف جلد نکل آئی اور خارش وغیرہ سب جاتی رہی۔ وہی راجپوت ہاں وہی راجپوت دشمن احمدیت،

سر کو نیچا کئے ہوئے دور ہی سے سلام کرتا ہوا میرے طرف آیا اور پندرہ روپے اور سات سیر گڑ بطور تحفہ پیش کیا اور ساتھ ہی شکریہ ادا کیا اس کا نقشہ ہی بدل گیا میں تحفہ وغیرہ سے انکار کر رہا تھا مگر وہ کہے جا رہا تھا آپ تو ہمارے لئے رحمت بن کر برسے ہیں اور بار بار کہہ رہا تھا آپ ہمارے گھر ضرور تشریف لایا کریں اس کے بعد جب بھی میں اس کے گاؤں جاتا تو ابھی کچھ دور ہی ہوتا تو وہ بلند آواز سے گھر والوں کو آواز دیتا کہ دیکھو مولوی صاحب تشریف لا رہے ہیں کرسی لاؤ، چائے لاؤ، دودھ لاؤ وغیرہ۔ میں اپنے ہی دل کو کہتا کہ یہ مت خیال کرنا تیری کوئی قابلیت ہے تُو تو کچھ بھی نہیں یہ ہے مسیحائی برکت جس نے پیغام کی راہ کھولی ہے۔ دراصل یہ شفا تو حضرت مسیح موعود کا حصہ ہے جس سے مردے زندہ ہوتے ہیں اور اندھے بینا ہو جاتے ہیں اور کوڑھی جذامی شفا پاتے ہیں مگر کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مسیح کے طفیل اس کے غلاموں کو بھی حصہ مل جاتا ہے۔

## ہدایت نصیب ہوگئی

چک 22 حمید آباد کے علاقے میں ایک وحدت الوجود کا قائل آیا اور اپنے عقیدہ کی خوب تبلیغ کی۔ اس کی ملاقات بابو مشتاق احمد بٹ سٹیشن ماسٹر سے ہوئی۔ وہ اس سے متاثر تھے۔ وہ شخص بہت بلند بانگ دعوے کرتا تھا کہ کوئی اس سے بات نہیں کر سکتا۔ اگلی دفعہ بٹ صاحب مجھے لے گئے اس سے بات چیت ہوئی۔ جو ڈیڑھ گھنٹہ تک جاری رہی لیکن فتح خادمِ مسیح موعود کی ہوئی آخر بٹ صاحب نے احمدیت قبول کر لی اور اپنے اخلاص اور ایمان میں ترقی کرنے لگے خاکسار ایک ماہ کی رخصت پر گھر آیا تو پیچھے مخالفین نے بٹ صاحب کا گھیرا تنگ کر دیا آخر وہ احمدیت چھوڑ کر مخالفت کرنے لگا۔ جب میں ایک ماہ کی رخصت گزار کر واپس سنٹر پہنچا تو سٹیشن پر اترا تو بٹ صاحب مذکور کا چہرہ دیکھتے ہی ماتھے پر آثار مخالفت نظر آگئے۔ پھر صبح ملاقات ہوئی تو اور بھی بات کھل گئی۔ خدا کی قسم بندہ کو اس قدر شدید صدمہ ہوا کہ جیسا کسی کا عزیز فوت ہو جاتا ہے پھر کیا تھا سوچا کہ اب ان کی زندگی کیسے لوٹ سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی سے آہ وزاری شروع کر دی اور غور و فکر بھی کیا۔ خاکسار یہاں سے پھینیاں لے کر گیا تھا وہ ان کی خدمت میں تحفہ پیش کر دیا۔ وہ کافی امیر آدمی تھے انہوں نے کہا اس کی قیمت لے لو میں نے انکار کر دیا اور کہا یہ دوستی کا تحفہ ہے اور ساتھ دعا بھی شروع کر دی کہ ”یاالٰہی ان کو نئے سرے سے زندگی عطا فرما“ اور کبھی کبھی کوئی مناسب بات کہہ دیتا۔ تھوڑے دنوں میں آثار زندگی ظاہر ہونے لگے گویا خدا کے فضل اور رحم سے زندگی لوٹ آئی اور وہ اس علاقہ میں خوب دعوت الی اللہ کرنے لگے اللہ تعالیٰ نے ان کو اس کے پھل بھی دیئے اور وہ کئی سعید روحوں کی ہدایت کا موجب ہوئے۔

## ربّ کرے سولّیاں

مکرم غلام احمد چشتی صاحب معلم وقف جدید لکھتے ہیں:۔

خاکسار سادلواس سنٹر میں تھا ایک راجپوت ٹھاکر بچہ کے لئے دوائی لینے آیا جس کو جلاب لگے ہوئے تھے تو میں نے غلطی سے جمال گوٹہ دے دیا۔ جب وہ چلا گیا تو مجھے بڑا افسوس ہوا۔ میں سجدہ میں گر گیا اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی کہ ”بندہ کرے کولیاں تے رب کرے سولیاں“ چنانچہ دوسرے دن صبح سویرے وہی آدمی آیا اور کہا کہ مولوی صاحب کل والی چند پڑیاں اور بھی دیں کیونکہ بچہ کافی حد تک ٹھیک ہو گیا ہے۔

## خدا کی خاطر سفر اور اس کی حفاظت

مکرم رشید احمد سلیم صاحب معلم وقف جدید تحریر کرتے ہیں:۔

ضلع سرگودھا کی کسی جماعت میں تعینات تھا تو اس وقت گاؤں کو مناسب راستہ بھی نہیں تھا۔ کھیتوں میں سے ہو کر جانا پڑتا تھا۔ ایک روز مرکز سے اپنے سنٹر جا رہا تھا کافی فاصلہ پیدل طے کرنا ہوتا تھا۔ خاکسار نے دعا کرتے ہوئے سفر کا آغاز کیا اللہ تعالیٰ کی ہی اصل حفاظت ہے۔ اس علاقے میں جنگلی جانور سور وغیرہ بھی ہوا کرتے تھے۔ ابھی زیادہ فاصلہ طے نہیں ہوا تھا کہ سور نے حملہ کر دیا اس جانور نے 4 یا 5 حملے کئے۔ جب یہ جانور حملہ کرتا ہے تو اتنی تیزی سے اپنے شکار کی جانب آتا ہے کہ عام آدمی گھبرا جاتا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے حفاظت فرمائی۔ خاکسار مسلسل جو دعائیں یاد تھیں ان کا ورد کر رہا تھا۔ جب بھی وہ تیزی سے حملہ آور ہوتا اور جب وہ قریب پہنچتا تو خاکسار تھوڑا سا اچانک پیچھے ہو جاتا۔ اسی طرح چار، پانچ بار ہوا۔ آخرکار اللہ تعالیٰ کی مدد پہنچ گئی اچانک دو تین آدمی لاٹھیوں سمیت آگئے اور اس سور کو مار گرایا۔ خداتعالیٰ کی خاطر سفر اختیار کرنے پر خدا نے اس خونخوار موذی جانور سے بچالیا۔

## نئے کپڑے مل گئے

مکرم محمد احمد فیض صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

خاکسار کی پہلی تقرری بطور معلم وقف جدید ہڈیارہ ضلع لاہور میں ہوئی۔ وہاں پہلی عید کے موقع پر خاکسار کے پاس نئے کپڑے نہ تھے۔ خاکسار نے سوچا کہ رسول کریم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ اگر کسی شے کی ضرورت ہو تو اللہ سے مانگو۔ خاکسار نے دردِ دل سے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ ”مولا کریم تو جانتا ہے کہ اور تو ہی داتا ہے میرے پاس عید کے لئے نئے کپڑے نہیں ہیں تو مجھے نئے کپڑے عنایت فرما“ عید سے چند دن پہلے کی بات ہے کہ خاکسار صبح سویرے نماز فجر کیلئے اٹھا نماز ادا کرنے کے بعد جب واپس آیا اور دروازہ کھولا تو بستر پر ایک رسید لاہور کی کسی لانڈری کی پائی اس پر کسی کا نام نہیں لکھا تھا۔ ایک قمیص اور ایک شلوار تعداد کپڑوں کی لکھی تھی۔ بستر پر موجود پا کر وہ رسید پکڑ لی۔ حالانکہ کوئی آدمی رات کو میرے پاس نہیں بیٹھا تھا۔ خاکسار نے دوستوں کو رسید بھی دکھائی کوئی اس رسید کا مالک نہ بنا۔ بالآخر اعلان کرنے کے بعد خاکسار نے وہ شلوار قمیص لاہور سے اس لانڈری سے منگوا لی۔ عید پر خاکسار نے وہ کپڑے استعمال کیے۔ سفید شلوار اور نیلی قمیص ایسے کپڑے خدا جانتا ہے مجھے آج تک نصیب نہیں ہوئے اور ان کپڑوں کا مالک بھی کوئی نہ بنا حالانکہ میں احباب کو بتاتا بھی تھا۔ یہ خداتعالیٰ کی عنایت اور اس کے افضال کی وجہ سے ہی ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود کے طفیل سے ہی ہے کیونکہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ”جے توں میرا ہو رہیں سب جگ تیرا ہو“

## چھ افراد کا قبول حق

خاکسار کو 1971ء کی جنگ سے چند ماہ پہلے نگر پارکر کے علاقہ میں بھیجا گیا تھا اور ایک علاقہ سندھیا کا وانڈیا کی جماعت میں خاکسار دعوت الی اللہ کا کام کرتا تھا۔ خاکسار نے خواب میں دیکھا کہ خاکسار ایک جگہ برائے دعوت جا رہا ہے۔ دیکھا کہ راستے میں ایک چھوٹی نہر ہے جس کو عبور کرنا بہت مشکل نظر آتا ہے۔ خاکسار نے کوشش کی کہ نہر مذکورہ کو پار کروں اور چھلانگ لگاؤں۔ خاکسار نے بسم اللہ پڑھ کر چھلانگ لگائی اور اس نہر سے خداتعالیٰ کے فضل و کرم سے پار ہو گیا۔ چھلانگ لگاتے ہی مڑ کر دیکھا کہ چھ کے قریب افراد ہیں جو اسی انتظار میں کھڑے ہیں کہ پار ہوں۔ خاکسار ان کو عرض کرتا ہے کہ اگر پار کرنا ہے تو تم کلمہ پڑھو انہوں نے میری آواز کو سنتے ہی کلمہ پڑھا اور چھلانگیں لگا کر اس مذکور نہر سے پار ہو گئے۔ خداتعالیٰ کا کرنا ایسا ہوا کہ 1971ء کی جنگ سے پہلے جو افراد احمدیت میں داخل ہوئے ان کی تعداد چھ ہی تھی۔ یہ خداتعالیٰ کا فضل اور احمدیت کی سچائی کا ثبوت ہے۔

## غیب سے سواری کا انتظام

1971ء کی جنگ شروع ہوئی تو خاکسار مع اہل و عیال نگر پارکر کے دیہہ ”سندھیا کا وانڈیا“ جماعت میں متعین تھا۔ مخدوش حالات کی بناء پر ہجرت کر کے مع اہل و عیال شہر نگر پارکر میں آگئے۔ ایک دن کے بعد انڈیا کی فورس عام کپڑوں میں شہر میں آگئی اور وہاں رہنے والے مسلمانوں کو اندازہ ہو گیا اور انہوں نے وہاں سے نکلنا شروع کر دیا۔ یہ وقت نہایت نازک تھا سورج غروب ہونے کا تھا۔ دوسرے معلمین کرام بھی نگر پارکر میں آچکے تھے۔ لوگ وہاں سے نکل رہے تھے۔ دوست مجھے بار بار کہتے کہ یہاں سے بچوں کو نکالو۔ میں نے پریشانی کی حالت میں ہی سواری کے لئے سخت کوشش کی مگر سواری ندارد۔ آخر جب گھر آیا تو پھر پریشانی مزید ہوئی۔ میں نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ ”خدایا تُو تمام حالات کو جانتا ہے کہ میں نے سواری کیلئے کوشش کی لیکن بے سود۔ تو مسبب الاسباب ہے، تو ہر ایک کے نئے ذرائع پیدا فرماتا ہے، تو سواری کا ذریعہ بنا۔ چند منٹ گزرنے کے بعد ایک دوست جو نو مبائع تھا ہاتھ میں اونٹنی کی مہار اور کاٹھی وغیرہ بھی اس پر لگی ہوئی تھی اور بورا وغیرہ بھی ساتھ تھا نے ہمارے دروازہ کے سامنے آکر پوچھا کہ کیا حال ہے؟ خاکسار نے عرض کیا حال تو ٹھیک ہے اللہ تعالیٰ کا فضل ہے لیکن آپ کرایہ لے لیں اونٹنی ہمیں دیں۔ اس نے کہا کہ کرایہ کی کیا بات ہے اونٹنی لے لیں۔ یہ کہتے ہوئے اونٹنی کی مہار اس نے میرے ہاتھ دے دی اور خود خالی ہاتھ چلا گیا۔ خاکسار نے خدا کا شکر ادا کیا، بچوں کو کہا کہ جو سامان راستے کی ضرورت کا ہو لاؤ اور جلدی میں جو ہو سکا لے کر نوکوٹ کی طرف روانہ ہوئے۔ خداتعالیٰ دعاؤں کو سنتا ہے جو دردِ دل سے ہو اور ہمیشہ اپنے بندوں کی مدد کرتا ہے۔ وہ اونٹنی خاکسار نے 17 دن سفر میں رکھی۔ نوکوٹ بذریعہ ٹیلیگرام دفتر سے اطلاع ملی کہ آپ کوٹ احمدیاں چلے جائیں اور کام کریں۔ وہاں جا کر 14 ماہ حضور اقدس کے حکم کے تحت اونٹنی کو سنبھالا اور جب پھر علاقہ کھلا اور مالک اونٹنی وہاں آیا تو اونٹنی شکریہ کے ساتھ واپس کر دی۔

## زندگی کا پیغام

مکرم منیر احمد محمود صاحب معلم وقف جدید تحریر کرتے ہیں:۔

خاکسار نارنگ منڈی میں متعین تھا وہاں اللہ تعالیٰ نے ایک پھل عطا فرمایا نوجوان مخلص تھا۔ اس کے گھر والے سخت مخالف تھے ایک دن ایک مخالف سے بات چیت جاری تھی کہ اس کا پیغام آیا کہ اسے سانپ نے کاٹ لیا ہے۔ لوگ کہہ رہے تھے کہ یہ مرزائی ہوا ہے اس لئے اس کو سزا ملی ہے خاکسار مخالف مولوی سمیت جو حکمت بھی جانتا تھا نو احمدی کے گھر آگیا۔ زخم کافی گہرا تھا اور زہر پھیل رہا۔ اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کر کے اس کو دوائی دی اور سر پر ہاتھ رکھ کر جتنی دعائیں یاد تھیں پڑھتا رہا۔ تھوڑی دیر بعد اس کی بے قراری اور تکلیف جاتی رہی۔ مخالف یہ دیکھ کر حیران ہو رہے تھے کہ ایسا مریض تو بچتا نہیں۔ شام تک مریض کی حالت کافی سنبھل چکی تھی۔ مخالف نے پھر حیرت کا اظہار فرمایا خاکسار نے عرض کیا ہمارا تو آسرا اللہ تعالیٰ پر ہوتا ہے وہ بھی مسیح موعود کے صدقے ہماری دعاؤں کو سنتا ہے وہ بھی زندگی دینے کے لئے آئے ہیں ہم بھی ان کی پیروی میں زندگی کا پیغام دے رہے ہیں۔ اس کے بعد مخالف نے مخالفت چھوڑ دی اور جتنا عرصہ وہاں رہا خاکسار کے ساتھ اچھے تعلقات رہے۔

## روحانی زندگی کے نمونے

ایک معلم صاحب لکھتے ہیں کہ:۔

ایک نومبائع سے حضور ایدہ اللہ کی خدمت میں بارش کے لئے دعا کا خط لکھوایا جب خط کا جواب آیا تو اس میں حضور نے قحط سالی دور کرنے کیلئے دعا کی تھی۔ میں نے اسے کہا کہ دیکھو یہ جو بارش ہوئی ہے یہ اسی دعا کا نتیجہ ہے۔ وہ خط لے کر چلا گیا اس سے دوسرے دن پھر بارش ہوئی۔ وہ تین چار دن کے بعد ملا تو اس نے بتایا کہ میں جب دوسرے دن اپنی زمین پر گیا تو دوپہر کے وقت میں نے وہ خط نکال کر چوما اور خدا تعالیٰ سے دعا کی کہ ''اے خدا اگر یہ شخص سچا ہے جس کی طرف سے یہ خط آیا ہے تو پھر ایک دفعہ بارش برسا۔ اس نے بتایا کہ میں ابھی گھر واپس نہیں آیا تھا کہ بارش آگئی۔

اللہ تعالیٰ نے صرف معلمین کو دعاؤں کی قبولیت بخش کر ان کے ایمان میں روحانی تازگی کے نمونے دکھاتا ہے بلکہ ان کے ذریعہ ہندوؤں میں سے احمدیت قبول کرنے والے افراد جو ابھی نماز وغیرہ سے زیادہ متعارف نہیں ہوتے صرف حرکات وسکنات سے نماز میں شامل ہوجاتے ہیں ان کی دعائیں قبول کرکے ان کے ایمان میں یقین پیدا کرتا ہے۔

ایک معلم صاحب اسی طرح ایک نومبائع کے بارے میں لکھتے ہیں:۔

وہ کہنے لگا ڈاکٹر صاحب کل میں آپ کے پاس سے سیدھا اپنی زمین میں گیا تھا اور آپ کے کہنے پر میں نے اپنی زمین میں اکیلے ہی نماز پڑھی تھی اور بارش کی دعا مانگی تھی۔ آج رات اس لئے بارش ہوئی ہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ کو یاد کیا تھا۔ اس مذکورہ شخص کو زبانی نماز یاد نہیں پتہ نہیں کہ نماز کے اندر کیا پڑھتا رہا۔ اس کو صرف اتنا علم ہے کہ نماز کی حرکات وسکنات کیا ہیں۔

## شفا ہوگئی

ایک معلم صاحب جو سندھ یا باڈر ایریا میں کام کر رہے ہیں لکھتے ہیں:۔

رینجر پوسٹ کوہالہ کے پوسٹ کمانڈر کی ایڑیوں میں درد تھی اس نے C.M.H حیدرآباد، کراچی اور کیپٹن ڈاکٹر سے علاج کروایا مگر ٹھیک نہیں ہوا۔ ڈاکٹر صاحبان نے اس کے مرض کو لاعلاج سمجھا۔ ایک دن خاکسار ان کے پاس گیا۔ پوسٹ کمانڈر صاحب نے بتایا کہ پانچ، چھ سال سے درد ٹھیک نہیں ہورہا۔ خاکسار نے سلفر 200 اور آرنیکا 200 لیکوڈ بنا کر دی اور ساتھ دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس کو شفا دے۔ کچھ دنوں کے بعد ملا اور وہ بہت خوش ہو رہا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے 100 فیصد بیماری ٹھیک ہوگئی ہے۔

## چندہ ادا ہوگیا

ایک معلم صاحب لکھتے ہیں:۔

خاکسار نے اپنا ایک سال عارضی طور پر وعدہ وقف جدید ایک لاکھ لکھوایا پھر جلد ہی ادا کردیا۔ اللہ تعالیٰ نے 10 لاکھ عطا کئے پلاٹ کی صورت میں۔ خاکسار کو والد صاحب کے ترکہ میں سے تقریباً دو لاکھ روپیہ ملا۔ جس میں سے ایک لاکھ کا خاکسار نے ربوہ میں پلاٹ خرید لیا۔ دوسری لاکھ وقف جدید میں چندہ دے دیا۔ لوگوں نے بہت باتیں کی کہ ایک معلم کو اتنا بڑا چندہ نہیں دینا چاہئے اور یہ کہ بچوں کا بھی حق ہے وغیرہ وغیرہ۔ خاکسار نے سب سے کہا اللہ تعالیٰ میری نیکی کو قبول فرمائے گا اور ہرگز ضائع نہیں کرے گا اور بڑھا چڑھا کر عطا فرمائے گا۔ کچھ عرصہ کے بعد اللہ تعالیٰ کی قدرت کہ ربوہ میں جو میرا پلاٹ تھا اس کی قیمت 10 لاکھ ہوگئی۔

دوسری بار جب دوبارہ وقف جدید کا بجٹ بنا تو سیکرٹری مال صاحب نے پوچھا اب کم کرکے کتنا لکھوں عرض کی کم کرنے کو دل نہیں چاہتا دوبارہ ایک لاکھ لکھ دیں کہنے لگے پاگل ہوگئے ہو پچھلے سال تو تمہارے پاس تھا سوادا کردیا۔ اب کہاں سے دوگے۔ عرض کی جمعۃ المبارک کا دن ہے دعا کر لینے دو پھر وعدہ لکھواتا ہوں خاکسار بیت الذکر میں گیا قادر مطلق اللہ سے رورو کر دعا کرنی شروع کر دی۔ کہ اے قادر مطلق اللہ تعالیٰ مجھے تجھ پر یقین کامل ہے کہ تو اس سال بھی مجھے ایک لاکھ کا وعدہ پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے گا۔ دعا کرنے کے بعد اپنا وعدہ ایک لاکھ لکھوا دیا۔ دوست احباب نے سمجھایا کہ کہاں سے دوگے اتنی بڑی رقم۔ جوں جوں لوگ مجھے کہتے کہ اتنی بڑی رقم کہاں سے دوگے ویسے ویسے ہی اللہ تعالیٰ پر میرا یقین پختہ تر ہوتا چلا گیا...... اب تو لوگوں کی باتیں مجھے لطف دیتی تھیں میں دعاؤں پر دعائیں کرتا چلا گیا۔ اس دوران مجھے اللہ تعالیٰ پر اتنا یقین ہوگیا کہ میرے دل میں یہ بات بیٹھ گئی کہ میں سجدہ میں جاکر جو کچھ بھی مانگوں گا اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل وکرم سے ضرور عطا فرمائے گا۔ ایک عجیب سا یقین اللہ تعالیٰ نے میرے اندر بھر دیا۔ الحمد للہ ہر ماہ اللہ تعالیٰ نے 10 سے پندرہ ہزار روپیہ کا انتظام کردیا ایک صاحب نے پوچھا کہ کیا تجھے قارون کا خزانہ مل گیا ہے کہ ہر ماہ 10 سے پندرہ ہزار کی رسید کٹواتا ہے۔ عرض کی ہاں۔ ایک خزانہ مل گیا ہے جو کہ اللہ تعالیٰ خود ہے۔

## کھانے میں برکت

مکرم عبدالستار اقبال صاحب معلم وقف جدید نے 1962ء میں احمدیت قبول کرنے کی سعادت پائی اور رزق حلال کی دعاؤں کے نتیجہ میں 1965ء میں وقف کیا۔ آپ نہایت ٹھنڈے مزاج کے مالک، دعا گو اور مضبوط ارادے کے مالک تھے۔ ان کے ایمان افروز واقعات میں سے ایک واقعہ درج ذیل ہے۔ آپ بیان کرتے ہیں۔

''کوٹھی جھنڈا سنگھ میں ایک مخلص احمدی دوست کی ہمشیرہ کی شادی تھی۔ خاکسار اس شادی کے انتظام وانصرام میں شریک تھا۔ جب بارات آئی تو وہ اتنی زیادہ تھی کہ گھر والے دیکھ کر گھبرا گئے کہ اتنا تو ہمارے پاس انتظام نہیں اور اتنا کھانا اور دیگر سامان ہم کہاں سے پورا کریں گے۔ ہماری بہت بے عزتی ہوجائے گی۔ خاکسار پاس ہی کھڑا تھا کہ اچانک میرے منہ سے بڑے زور سے نکلا خدا تعالیٰ ہماری بے عزتی نہیں ہونے دے گا کیونکہ ہم نے تو نہیں کہا تھا کہ اتنے لوگ بارات پر لانا۔ آپ فکر نہ کریں۔ آپ آدمیوں کو بلائیں اور ان کو عزت سے بٹھا کر پانی پلانا شروع کردیں اور میں بھی دعا کرتا ہوں۔ آپ بھی دعا کریں۔ چنانچہ بوتلیں پلائیں۔ پھر کھانا شروع کیا میں خود چاولوں پر بیٹھا ہوا تھا اور تھالیوں میں ڈال ڈال کر دے رہا تھا اور ہم بہت دعائیں کررہے تھے اللہ تعالیٰ ہم تو کمزور لوگ ہیں تیرے ہاتھ میں ہی ہماری عزت اور لاج ہے تو آج ہمیں عزت دے اور سرخرو کر۔ خدا تعالیٰ کے فضلوں کا ایسا نظارہ ہم نے دیکھا کہ مہمانوں کو کھلانے کے بعد دیگر لوگوں نے بھی چاول کھائے پھر بھی کھانا بچ گیا۔ جس پر ہمارے دل خدا تعالیٰ کی حمد سے لبریز ہوگئے۔

یہ محض حضرت مسیح موعود اور آپ کے بزرگ خلفاء کی دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ٹھیکریوں سے بھی کام لے رہا ہے۔ یہ محض دین حق کے احیائے نو کے لئے ان کی پُردرد تڑپ کا اثر ہے جس نے سینکڑوں غلاموں کے قلوب کو بھی اسی جذبے سے گرما دیا ہے اور وہ تنگی اور ترشی دکھوں اور تکلیفوں میں دنیاوی سود وزیاں سے بے نیاز ہوکر اپنا تن من دھن اسی راہ میں فدا کر رہے ہیں کم علمی اور کم مائیگی ان کی راہ میں حائل نہیں ہوتیں کیونکہ وہ خوب جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں محض پاک نیتوں اور پُرخلوص جدوجہد کی قیمت ہے اور وہ خوب جانتے ہیں کہ ان کے تہی دامنوں کو خدا تعالیٰ کا فضل چوٹی تک بھردے گا اور ان کے سب خالی خانے کناروں تک اس کی رحمت سے لبریز ہوجائیں گے۔

## اولیا بنانا اللہ کا کام ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا وقف جدید کے معلمین کے بارے میں ارشاد:۔

''وقف جدید کے بارہ میں ایک سوال پیش ہوا کہ حضرت مصلح موعود نے جب پہلی بار یہ تحریک فرمائی اور خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا تو اس وقت سے یہ تاثر چلا آرہا ہے کہ حضور نے فرمایا تھا کہ جو معلمین ہوں گے وقف کریں گے ان کا براہ راست میرے ساتھ رابطہ ہوگا اور وہ میری ہدایت پر کام کریں گے اور دور دراز ممالک میں دیہاتوں اور جنگلوں میں ایک خدا رسیدہ انسان بنیں گے۔ حضور نے فرمایا......

باقی ولی اللہ بنانا تو کسی کا کام نہیں سوائے اللہ کے۔ البتہ ولی اللہ بنانے کی کوشش کرنا یہ کام جاری رہتا ہے۔ مگر ولی خدا ہی بناتا ہے آپ کسی کو ولی بنا کر پیش نہیں کرسکتے۔ ان واقفین میں سے جو ہمارے پاس آئے کئی ایسے تھے جن کے متعلق جہاں تک انسانی علم کام کرتا ہے انسان کہہ سکتا ہے کہ ولی اللہ ہیں۔ ان کا وقف ہوجانا، ان کا بے لوث میدان عمل میں چلے جانا ان کا دعائیں کرنا ان کی نیکی کی وجہ سے ان کی کوششوں کو غیر معمولی پھل لگنا اور ان کی دعاؤں کے پورا ہونے کا میں بھی گواہ ہوں کہ کس طرح خدا تعالیٰ کے فضل سے بعضوں کو کشوف بھی ہوئے اور وہ پورے ہوئے۔ بعضوں کو سچی رویا آتی تھیں۔ پس یہ نہیں کہ یہ تحریک خدا رسیدہ وجودوں سے خالی تھی۔ مگر وقف کے شوق میں بہت سے نوجوان آئے جو ٹھہر بھی نہیں سکے عہد بھی پورا نہ کرسکے اور بکھر گئے...... اولیاء اللہ بنانا اللہ کا کام ہے خلیفہ وقت کا اتنا کام ہے کہ تحریک کرے اور توجہ دلائے۔ وقف جدید کا کام تھا کہ ان کی نیکی اور تقویٰ پر نظر رکھے، بجائے اس کے کہ صرف ظاہری علم پر زور دے۔''

(الفضل انٹرنیشنل 6 رجون 1997ء صفحہ 12)

(بقیہ صفحہ 6)

میں 'آرمی میوزیم' کہا جاتا ہے۔''

یہ عجائب گھر مختلف گیلریوں میں تقسیم ہے۔ یہ نوادرات نہایت ترتیب، سلیقے اور خوبصورتی سے ان میں سجائے گئے ہیں۔ یہ گیلریاں انفنٹری گیلری، نشان حیدر گیلری، یونیفارم گیلری، جنرل گیلری اور آرمز اینڈ سروسز گیلری کے نام موسوم ہیں۔

انفنٹری گیلری میں عہد قدیم سے عصر حاضر تک پیادہ فوج کے استعمال میں رہنے والے ہتھیاروں کی نمائش کی گئی ہے۔

نشان حیدر گیلری میں ان شہدا کی تصاویر، وردیاں اور ذاتی اشیاء ہیں جن کے بے مثال جرأت اور لازوال قربانی پر انہیں ملک کے اعلیٰ ترین فوجی اعزاز سے نوازا گیا ہے۔

یونیفارم گیلری میں مغلیہ دور سے لے کر اب تک رائج فوجی وردیوں کے نمونے دیکھے جاسکتے ہیں۔

جنرل گیلری میں مختلف جنگوں کے دوران دشمن سے چھینا گیا اسلحہ زیر نمائش ہے۔

آرمز اینڈ سروسز گیلری میں کور آف انجینئرز، آرٹلری، کیولری، سگنلز وغیرہ میں استعمال ہونے والی مختلف اشیاء وائرلیس سیٹ، ٹیلی فون سیٹ اور الیکٹرک جنریٹر رکھے گئے ہیں۔

ان میں سے ہر گیلری تفصیلی تعارف کی محتاج ہے۔ ان میں سب سے اہم چیز سلطان ٹیپو کا تیر کمان ہے۔ جو سیاحوں کو شہید کی جرأت رندانہ کی یاد دلاتا ہے۔ یہیں اٹھارہویں صدی عیسوی میں مرہٹوں کے خلاف برسرپیکار رہنے والے مسلمانوں کے سپہ سالار امیر خان پنڈاری کا کلہاڑا اور ایران کے شاہ عباس صفوی کی ایک تلوار بھی دیکھی جاسکتی ہے جو اس نے مغل بادشاہ جہانگیر کو تحفتاً پیش کی تھی۔

یہ عجائب گھر اس خطے کے مسلمانوں کی درخشاں عسکری روایات کا امین ہے۔

(اردو ڈائجسٹ ستمبر 2007ء)

مکرم داؤد طاہر صاحب

# راولپنڈی۔ ایک شہر بے مثال

راولپنڈی یوں تو ہندوستانی فوج کی شمالی کمانڈ کے صدر مقام ہونے کے ناتے ہمیشہ سے معروف رہا ہے۔ لیکن پاکستان کا دارالحکومت اسلام آباد منتقل ہونے کے بعد اسے بے پناہ شہرت حاصل ہوئی۔

پورے یقین سے نہیں کہا جا سکتا کہ یہ شہر دل پذیر (راولپنڈی) کب آباد ہوا لیکن یہ بات بہرحال طے ہے کہ چار سو سال قبل بھی یہ شہر ایک چھوٹے قصبے کی صورت موجود تھا۔ اس کی تصدیق مغل بادشاہ نورالدین جہانگیر کی خودنوشت 'تزک جہانگیری' سے ہوتی ہے جس میں اس نے راولپنڈی میں اپنے قیام کا بڑی وضاحت سے ذکر کیا ہے۔

کہتے ہیں کہ راولپنڈی دو الفاظ کا مجموعہ ہے۔ پہلا حصہ یعنی 'راول' اس کے بانی کا نام ہے جبکہ 'پنڈی'، پنڈ کی بگڑی ہوئی شکل ہے۔ روایت کے مطابق راول ہندو تھا۔ اس نے قریبی جھیل کے کنارے ایک اور گاؤں بھی آباد کیا جسے صرف 'راول' کا نام دیا گیا۔ محققین کا خیال ہے کہ یہ گاؤں راولپنڈی سے پہلے آباد ہوا تھا لیکن بوجوہ ترقی نہ کر پایا۔ چند سال پہلے موضع راول مسمار کر کے اس جگہ راول ڈیم تعمیر کر دیا گیا جو آجکل راولپنڈی اور اسلام آباد میں پینے کا پانی فراہم کرنے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔

